بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن

86-مزنگ روڈ، لاہور

مراسلہ نمبر 148 رجسٹریشن — مورخہ 10 اگست 2023

﴿نوٹیفیکیشن﴾

(ریگولر طلباء/طالبات)

جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات الحاق شدہ لاہور بورڈ

عنوان:۔ **آن لائن داخلہ/رجسٹریشن شیڈول برائے گیارہویں جماعت (Class-XI) تعلیمی سیشن 2023ء-2025ء**

آپ کی اطلاع کے لئے تحریر ہے کہ گیارہویں جماعت (Class-XI) تعلیمی سیشن 2023ء-2025ء کی آن لائن داخلہ/رجسٹریشن کا درج ذیل شیڈول جاری کیا گیا ہے۔ جس میں رجسٹریشن فیس مبلغ-/1000 روپے پروسیسنگ فیس مبلغ-/530 روپے اور سپورٹس فیس مبلغ-/130 روپے فی طالب علم/طالبہ مقرر ہے۔

سیریل نمبر	شیڈول	ادارہ جات میں داخلہ، آن لائن ڈیٹا انٹری، بینک میں فیس جمع کروانے کا آن لائن/کمپیوٹرائزڈ اصل بینک چالان اور رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی دفتر ہذا میں جمع کروانے کی حتمی تواریخ (الحاق لیٹر لازمی منسلک کریں)
(i)	رجسٹریشن/داخلہ برائے گیارہویں جماعت (Class-XI) بغیر لیٹ فیس	**12 اگست 2023 تا 25 ستمبر 2023**
(ii)	-/600 روپے لیٹ فیس فی طالب علم/طالبہ کے ساتھ گیارہویں جماعت (Class-XI) میں رجسٹریشن/داخلہ (لیٹ فیس بھی بورڈ کو لازمی واجب الادا ہوگی)	**26 ستمبر 2023 تا 10 اکتوبر 2023**
(iii)	ادارہ جات میں درج بالا تواریخ تک داخل کئے گئے طلباء و طالبات کی رجسٹریشن ریٹرن اصل مروجہ فیس فی طالب علم/طالبہ اور یومیہ جرمانہ مبلغ-/600 روپے فی گروپ/Per Batch کے ساتھ جمع کروانے کا معاملہ	ایسے طلباء و طالبات جن کا داخلہ ادارہ جات میں مقررکردہ درج بالا شیڈول میں ہوا مگر رجسٹریشن ریٹرن آن لائن نہ ہو سکی/نہ ہی BATCH بن سکے/نہ ہی دفتر ہذا میں رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی جمع ہوئی تو ان طالب علم/طالبہ کی رجسٹریشن ریٹرن اصل مروجہ فیس فی طالب علم/طالبہ کے علاوہ یومیہ جرمانہ مبلغ -/600 روپے PER BATCH/GROUP کے ساتھ امتحانی داخلہ فارموں کے جاری کردہ تین گنا فیس (Tripple Fee) شیڈول کی آخری تاریخ تک وصول کی جائے گی۔

﴿ضروری نوٹ﴾:۔ "ناظرہ قرآن حکیم بمع ترجمہ تمام طلباء اور طالبات کے لئے بطور مضمون پڑھنا لازمی ہوگا۔"

﴿ہدایات﴾

درج بالا تواریخ کے بعد کسی بھی ادارے کو رجسٹریشن ریٹرن/داخلہ کی اجازت نہیں ہوگی۔ رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی اور مروجہ فیس دونوں ہی درج بالا شیڈول ٹائم میں دفتر ہذا میں جمع کروانا لازمی ہے۔ رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی اور مروجہ فیس میں سے کوئی ایک بھی دفتر ہذا میں جمع نہ کروانے کی صورت میں درج بالا شق نمبر (iii) کے تحت فیس و جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔ رجسٹریشن ریٹرن لیگل سائز (8.5x14) صفحہ پر اور لینڈسکیپ (LANDSCAPE) میں پرنٹ کریں۔ بصورت دیگر وصول نہیں کی جائے گی۔ آن لائن رجسٹریشن ریٹرن سے متعلقہ ضروری رہنمائی بورڈ کی ویب سائیٹ (www.biselahore.com) پر بھی دستیاب ہے۔ مینوئل (MANUAL) رجسٹریشن ریٹرن ہرگز وصول نہیں کی جائے گی۔ گیارہویں جماعت (Class-XI) کی رجسٹریشن ریٹرن آن لائن کرتے وقت طالب علم/طالبہ کے کوائف میٹرک کی سند/رزلٹ کارڈ/O-Level ایکویلنس سرٹیفکیٹ (Equivalence Cirtificate) کے مطابق اندراج کریں۔ دفتر ہذا اداروں میں داخلہ حاصل کرنے والے کسی بھی طالب علم/طالبہ کا اصل داخل خارج رجسٹر (Admission & withdral Register) ضرورت پڑنے پر ملاحظہ کے لئے منگوا سکتا ہے۔ سربراہان ادارہ جات سے گذارش ہے کہ مزید معلومات اور رہنمائی کے لئے "کتابچہ" (BOOKLET) میں درج ہدایات ملاحظہ کریں اور ان پر سختی سے عمل کریں۔ تمام ادارے "کتابچہ" (BOOKLET) کی قیمت مبلغ-/200 روپے جمع کروانے کے پابند ہوں گے۔

(ڈاکٹر بشریٰ بی بی)

سیکرٹری